MODEL ACTIVITY SHEET

نمونہ سرگرمی شیٹ

URDU (First Language) (اردو (زبانِ اول

Time : 3 Hrs. | Std. X | Max. Marks : 80

حصہ اول : نثر

تفہیم، قواعد، ذاتی ردعمل

سوال نمبر ۱ (الف) درج ذیل تدریسی اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی گئی سرگرمیاں مکمل کیجیے۔ (08)

۱ **اقتباس کے مطابق جملوں کو ترتیب سے لکھیے۔** 02

(i) گھر سے دو دو تین تین کوس تک نکل گئے ہیں۔

(ii) یہ لوگ نہایت دردناک آواز میں کچھ گاتے چلے جاتے ہیں۔

(iii) اب یہ لوگ اپنے کام میں مصروف ہیں۔

(iv) بے چین طبیعت والوں کو باہر کھینچ لے جایا کرتا ہے۔

> یہ سب لوگ تر و تازہ کھیتوں میں منتشر ہو گئے۔ آفتاب کی کرنوں نے جو امیر و غریب سب کو ایک نظر سے دیکھتی ہیں کھیتوں مینڈوں اور کنوؤں کے کناروں پر ان کا خیر مقدم کیا۔ اب یہ لوگ اپنے کام میں مصروف ہیں کہ نیچر کے جذبات بھی ان پر اپنا اثر نہیں ڈال سکتے اور قدرت کی بہار بھی ان کی دلفریبی کرنے سے عاجز ہے۔ وہ ہرا بھرا سبزہ زار، وہ سہانا سماں، وہ صبح کی بہار، وہ تر و تازہ ہوا، وہ اجلی کرنیں، ایسی چیزیں ہیں کہ جن کا شوق اکثر بے چین طبیعت والوں کو باہر کھینچ لے جایا کرتا ہے۔ بارہا ہم پر ایسی وحشت سوار ہوتی ہے کہ گھر سے دو دو تین تین کوس تک نکل گئے ہیں مگر یہ لوگ اپنے روزانہ کے کاموں میں ایسے مصروف ہیں کہ ان کیفیتوں کو آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتے۔ زمین کی استعداد بڑھانے میں دل و جان سے ساعی ہیں جو صرف ان کے لیے نہیں تمام دنیا کے لیے مفید ہے۔ جان توڑ محنت کر رہے ہیں۔ غریب، کم قوت، تنگ شاہد رزق رسانی عالم کی فکر میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ ان کے ہاتھوں کی مار کھاتے ہیں اور زمین کو پیداوار کے قابل بناتے چلے جاتے ہیں۔ اپنی محنت آسان کرنے کے لیے یہ لوگ نہایت دردناک آواز میں کچھ گاتے چلے جاتے ہیں اور ان کی آواز کھلے میدان میں گونج گونج کر ایک نئی کیفیت پیدا کر جاتی ہے۔

۲ **قوس سے متعلقہ لفظ کا انتخاب کر کے ان کے سامنے لکھیے۔** (سماں، کرنیں، سبزہ زار، ہوا) 02

(i) ہرا بھرا

(ii) سہانا

(iii) تر و تازہ

(iv) اجلی

۳ **درج ذیل محاوروں کے معانی لکھیے۔** 02

(i) وحشت سوار ہونا (ii) جان توڑ محنت کرنا

۴ **نیچر کی فیاضیوں سے جو فیض ہم حاصل کر رہے ہیں اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔** 02

سوال نمبر ۱ (ب) درج ذیل تدریسی اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی گئی سرگرمیاں مکمل کیجیے۔ (08)

۱ **اقتباس کا غور سے مطالعہ کر کے درج ذیل سرگرمیاں مکمل کیجیے۔** 02

(i) ۱۹۴۱ میں ڈاکٹر سالم علی کی ---------- کتاب شائع ہوئی تھی۔

(ii) سالم علی کی اہلیہ کا انتقال ---------- میں ہو گیا تھا۔

(iii) ڈاکٹر سالم علی کی لکھی کتاب کی ---------- کاپیاں فروخت ہو چکی ہیں۔